# حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 07.02.2022

## چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی حیسکو ہیڈ کوارٹر میں آپریشن سرکل حیدرآباد اور نوابشاہ کے افسران سے ماہانہ کارکردگی کی چیکنگ کے حوالے سے میٹنگ ۔ میٹنگ میں چیف انجنیئر ز ، ڈائریکٹرز، مینجرز، سپرنٹینڈنگ انجنیئر ز ، SDO s، XEN s، DCMs ، رویونیو آفیسرز و دیگر افسران موجود تھے ۔ واجبات کی 100% وصولی اولین ترجیح بنیادوں پر کریں، بجلی چوروں کا جڑ سے خاتمہ کریں، درست ریڈنگ کے بجلی کے بل صارف کو دیئے جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ریکوری ہو۔صارفین کی شکایات کو فوری حل کریں۔ اچھی کارکردگی 2 SDOs کو شاباشی اور ناقص کارکردگی پر 3 SDO کو معطل کیا گیا ہے۔ بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹر سیکیورنگ کریں، واجبات کی 100% فیصد ریکوری کریں، لائن لاسسز میں کمی نمایاں لائی جائے ،مروجہ قانون کے تحت عوام/صارفین کو بہتر سہولت فراہم کریں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی حیسکو کانفرنس ہال حیدرآباد میں افسران سے ماہانہ کارکردگی کی چیکنگ کے حوالے سے میٹنگ، میٹنگ میں حیسکو چیف کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان ، ریجنل مینجر ایم اینڈ ٹی ریاض احمد پٹھان ، ڈائریکٹر کمرشل ذکی مختار، مینجر ایم ایم روشن اوٹھو، مینجر MIS نادر خشک، سپرنٹینڈنگ انجنیئر حیدرآباد نثار میمن، نوابشاہ عبدالرشید انصاری، ڈی سی ایم اختر لطیف صدیقی، سجاد پرویز، ایگزیکٹو انجنیئر غلام فاروق تنیو، اختیار میمن، عقیل نور میمن، منظور مگسی، انعام علی ابڑو، نذاکت میمن، دیدار چنا، روینیو افسران عرفان شیخ، ناصر شاہ، عبدالقلیم خان، صعود علی چانڈیو، دلبر خان، سرور علی اختر، اقبال میمن، PSO عرفان کریم شیخ، ڈپٹی مینجر پی آر محمد صادق کبر و دیگر افسران موجود تھے۔تفصیلات کے مطابق میٹنگ میں اچھی کارکردگی پر SDO دوڑ وقار احمد اور SDO چمبڑ اشوک کمار کو شاباشی دی گئی ناقص کارکردگی پر روینیو آفسر گاڑی کھاتہ کلیم، SDO سانگھڑ اللہ ڈنو چانڈیو، SDO قاضی احمد مدثر احمد، SDO لیاقت کالونی آفتاب احمد ڈاہانی کو معطل کیا گیا، حیسکو چیف نے میٹنگ میں تمام افسران کو ہدایات دیں کہ بجلی چوری کے خاتمے کیلئے میٹر سیکیورنگ کا جلد از جلد مکمل کریں، ٹرانسفامرز کی مانیٹرنگ کو مزید سخت کریں، واجبات کی 100% فیصد وصولی سے زائد (یعنی موجودہ بل کے ساتھ بجلی کے واجبات کی رقم میں سے بھی ادائیگی کی گئی ہے )وصولی کریں۔ لائن لاسسز کم کیئے جائیں ، حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائستہ زبان کے تحت عوام/ صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں صارفین کو بجلی کی بہتر سہولت فراہم کی جائے۔ جو اچھی کارکردگی دے گا وہ ہماری ٹیم کا حصہ ہوگا اور جس کی کارکردگی خراب ہوگی اس کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے قانون مطابق کاروائی ہوگی۔آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔




حیدرآباد: چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی حیسکو ہیڈکوارٹر میں آپریشن سرکل حیدرآباد اور نوابشاہ کے افسران سے ماہانہ کارکردگی کی چیکنگ کے حوالے سے میٹنگ